استعمال شدہ خطرناک آلات کواسٹور یا تلف کرنے کے کاروبار سے متعلق حضرات سے گذارش ہے

بتاریخ اپریل 2018 سے
صوبائی و علاقائی گورنر وغیرہ*1
کو مطلع کرنا*2 لازمی قرار دیا گیا ہے۔

اگر یکم اپریل 2018 سے قبل ہی استعمال شدہ خطرناک آلات اسٹور یا تلف کیے گئے ہوں تو اس صورت میں آپ کے لیے لازمی ہے کہ ، یکم اکتوبر 2018 تک اس کے بارے میں مطلع کریں۔

فاضل اشیاء یا غیرضروری سامان کو تلف کرنے اور صفائی عامہ سے متعلق قانون (قانون برائے تلفی فاضل اشیاء) میں جزوی ترمیم کو یکم اپریل 2018 سے نافذالعمل کیا گیا ہے۔

*1: قانون برائے تلفی فاضل اشیاء آرٹیکل نمبر 24-2 میں معین کردہ کابینہ کے سربراہ حاکم شہر *2: اس نوٹیفیکیشن کی خلاف ورزی کرنے والے افراد کو زیادہ سے زیادہ 3 لاکھ جاپانی ین جرمانہ

استعمال شدہ خطرناک آلات کا تعین

استعمال شدہ خطرناک آلات سے مُراد، تعین کردہ ایسے خطرناک آلات ہیں، جن کا شمار نہ تو **تلف کے قابل فاضل اشیاء** میں ہے، اور نہ ہی **دوبارہ استعمال کے قابل (دوبارہ قابل استعمال)** اشیاء کی فہرست میں ہے۔

جمع شدہ آلات → تعین کردہ اشیاء (32 اشیاء) → استعمال شدہ خطرناک آلات*

جمع شدہ آلات → غیر متعلقہ اشیاء

تعین کردہ اشیاء → فاضل اشیاء

تعین کردہ اشیاء → دوبارہ قابل استعمال اشیاء

* استعمال ختم ہو جانے کے بعد جمع شدہ آلات (ماسوائے فاضل اشیاء) میں سے کچھ چیزیں خام مال کے طور پر کافی قدر و قیمت کے حامل ہوتی ہیں، مزید براں یہ کہ اگر ایسے آلات جن کو مناسب طور پر اسٹور یا تلف نہ کیے جانے کی صورت میں لوگوں کی صحت اور روز مرہ کی زندگی کے ماحول کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہوتا ہے۔

متعلقہ ادارے کو مطلع کرنا

اگر آپ کو استعمال شدہ خطرنا ک آلات کے اسٹوریج یا تلف کرنے کا نیا کاروبار شروع کرنا ہے تو، **کاروبار شروع کرنے سے 10 دن قبل** ہی آپ کی اطلاع موصول ہو جانا ضروری ہے۔

اطلاع دینے سے مستثنیٰ افراد

ایسے تمام افراد جو روزمرہ ماحولیات کے تحفظ کے لیے مناسب چارہ جوئی کی صلاحیت رکھتے ہوں، جیسا کہ متعلقہ پارڈ میں غیر ضروری فاضل اشیاء کو تلف کرنے کا اجازت نامہ کے حامل افراد وغیرہ ، کو نوٹیفیکیشن کی ضرورت نہیں ہوگی۔ مزید تفصیلات کے لیے "استعمال شدہ خطرناک آلات کے اسٹوریج کی گائیڈ لائن" ملاحظہ فرمائیں۔

معین کردہ اشیاء کی فہرست*

28 ایسی اشیاء جن کا تعین استعمال شدہ چھوٹے الیکٹرانک آلات وغیرہ کی ریسائیکلنگ کے فروغ کے قانون (چھوٹے گھریلو آلات کا ریسائیکلنگ ایکٹ) میں کیا گیا ہے، اور 4 ایسی اشیاء جن کا تعین مخصوص گھریلو آلات کی ریسائیکلنگ کے قانون (گھریلو آلات ریسائیکلنگ ایکٹ) میں کیا گیا ہے۔ (بشمول متعلقہ چھوٹے آلات)

گھریلو آلات ریسائیکلنگ ایکٹ میں معین کردہ اشیاء کی فہرست (4 اشیاء)

چھوٹے گھریلو آلات کے ریسائیکلنگ ایکٹ میں معین کردہ اشیاء کی فہرست (28 اشیاء)



فیکس، PHS فون، سمارٹ فون، ریڈیو، ویڈیو کیمرہ، DVD ریکارڈر، ڈیجیٹل آڈیو پلیئر، اسٹیریو سیٹ، پرسنل کمپیوٹر، میگنیٹک ڈسک ڈرائیو یا آپٹیکل ڈسک ڈرائیو، ڈسپلے مانیٹر، الیکٹرانک بُک ریڈر، الیکٹرک سلائی مشین، الیکٹرک گرائنڈر یا ڈرل مشین، وزن چیک کرنے والی مشین، الیکٹرکل سانس لینے والی مشین، فلم کیمرہ، مائیکرو اوون، ہوا میں نمی کو کم کرنے کا آلہ، الیکٹرک استری یا صفائی کی مشین، الیکٹرک ہیٹر والی ٹیبل، الیکٹرک ہیٹر، الیکٹرک شیور، الیکٹرک مساجر، رننگ مشین، الیکٹرکل گھاس کاٹنے کی مشین، ٹیوب لائٹس یا روشنی کے آلات، الیکٹرکل گھڑی، الیکٹرکل میوزیکل آلات، وغیرہ

* گھریلو آلات سے مختلف ہئیت کے حوالے سے ، ماسوائے ایسی اشیاء جن کے بارے میں موقع پر فیصلہ کرنا ممکن نہ ہو، باقی تمام آلات اس کاروبار سے متعلقہ آلات کی مد میں شمار کیے جائیں گے۔

環境省
Ministry of the Environment

فاضل اشیاء تلف کرنے کے قانون میں ترمیم کا پس منظر

سیسہ جیسے مضرصحت مواد پر مشتمل، استعمال شدہ الیکٹریکل اور الیکٹرانک آلات اور دھاتی اسکریپ وغیرہ کی آمیزش والی اشیاء (عمومی متفرق اسکریپ اشیاء) وغیرہ، مناسب ماحولیاتی تحفظ کے اقدامات کیے بغیر اسٹور یا تلف کرنے کی وجہ سے، ماحولیاتی تحفظ کو خطرہ بشمول آگ لگنے کے حادثات جیسے واقعات رونما ہونے کی وجہ سے ان کے سدِباب کے لیے سختی ناگزیر ہو گئی ہے۔

استعمال شدہ خطرناک آلات کے اسٹوریج اور تلف کرنے کے معیارات

استعمال شدہ خطرناک آلات کو اسٹور کرنے والے کاروباری حضرات کو ان معیارات پر عمل درآمد کرنے اور مناسب طریقے سے اسٹور یا تلف کرنے سے، روزمرہ زندگی کے ماحول پر اثرات کی روک تھام ضروری ہے۔ مندرجہ ذیل تصویر میں معیارات کا خاکہ دکھایا گیا ہے۔

اسٹوریج کی اونچائی کی حد

کسی بھی بند کنٹینر میں رکھے بغیر باہر کھلی فضا میں اسٹور کرنے کی صورت میں، وزارت ماحولیات کے آرڈیننس میں مقرر کردہ اونچائی کی حد سے تجاوز نہیں کرنا چاہیے۔

آگ لگنے یا آگ کے پھیلاؤ سے بچاؤ

استعمال شدہ خطرناک آلات کو دیگر اشیاء سے علیحدہ کرنے کے علاوہ بیٹری سیل وغیرہ، جیسی اشیاء جو کہ آگ لگنے کا سبب بن سکتی ہیں کو علیحدہ کرنا ضروری ہے۔

پھیلاؤ اور اخراج کی روک تھام

کسی بھی بند کنٹینر میں رکھے بغیر باہر کھلی فضا میں اسٹور کرنے کی صورت میں، تیز آندھی وغیرہ کے وقت استعمال شدہ آلات یا ان کے کچھ حصے کا اُڑ کر پھیلنے یا بکھرنے کا خطرہ ہوتا ہے، اس لیے جنگلہ لگا کر اسٹوریج کے معیارات کے عین مطابق اقدامات کرنا ضروری ہے۔

تلف کرتے وقت آگ سے بچاؤ

تلف کرنے والی مشینری میں ڈالے جانے والے استعمال شدہ خطرناک آلات میں تلف کی جانے والی اشیاء میں غیر مناسب اشیاء شامل تو نہیں ہیں، کو مسلسل چیک کرنا یا خدانخواستہ آگ لگنے کی صورت میں ابتدائی تدابیر کے طور پر آگ بجھانے والے آلے کو نصب کرنے جیسے اقدامات پر عمل درآمد ضروری ہے۔

فاضل اشیاء کا تلف کرنے کا موزوں طریقہ

استعمال شدہ خطرناک آلات کو اسٹور یا تلف کرتے وقت پیدا ہونے والے اسکریپ کو فاضل اشیاء کو تلف کرنے کے قانون میں مقرر کردہ معیارات کے مطابق مناسب طریقے سے تلف کرنا ضروری ہے۔



زمین اور زیر زمین پانی کو آلودگی سے بچاؤ

تیل کے لیکیج یا پانی کی آلودگی یا رساؤ وغیرہ کی وجہ سے سرکاری پانی یا زیر زمین پانی کی آلودگی کے اندیشے کی صورت میں، تیل اور پانی علیحدہ کرنے کا ٹینک یا سیوریج گڑھے بنا کر کنکریٹ بچھانے کے اقدامات کرنا ضروری ہے۔ علاوہ ازیں، ٹیوب لائیٹس وغیرہ بالخصوص زیادہ مضر صحت مواد پر مشتمل پارٹس وغیرہ کو موزوں طریقے سے تلف کرنا ضروری ہے۔

چار دیواری کی تنصیب

بلا اجازت کسی شخص کے احاطے میں داخلے کو روکنے اور آلات یا ان کا کچھ حصہ ارد گرد کے ماحول میں پھیلنے یا بکھرنے سے بچاؤ کے لیے چار دیواری بنانا اور اسٹوریج کی جگہ کا واضح ہونا ضروری ہے۔

روز مرہ کے ماحول کا تحفظ

سامان کو لانے لے جانے کے لیے گاڑی کی ڈرائیونگ، لوڈنگ، ان لوڈنگ، یا تلف کرنے کے عمل کے دوران استعمال کی جانے والی بھاری مشینری کے کام کی وجہ سے شور، لرزش وغیرہ کے باعث روز مرہ کی زندگی کے ماحول کی حفاظت متاثر نہ ہونے کے لیے اقدامات کرنا ضروری ہے۔

بلیٹن بورڈ کی تنصیب

استعمال شدہ خطرناک آلات کی اسٹوریج کی جگہ پر اس کے منتظم کا نام یا شناخت، ٹیلیفون نمبر، اسٹوریج یا تلف کرنے کی جگہ کی وضاحت، اسٹوریج اشیاء کی فہرست، اسٹوریج اونچائی کی حد جیسی ضروری معلومات کا درج شدہ بلیٹن بورڈ نصب کرنا ضروری ہے۔

صحت عامہ کا تحفظ

کام کی جگہ کے اندر ضروری اور غیر ضروری اشیاء کو الگ کرنا اورصفائی رکھنا، بدبو یا کیڑوں کے پیدا ہونا وغیرہ کی روک تھام اور صحت عامہ کا تحفظ کرنا ضروری ہے۔

چونکہ عام طور پر جائے کار کے معائنے کے وقت جاپانی زبان استعمال کی جاتی ہے، اس لیے جاپانی زبان میں جواب دینے کو ممکن بنانے کے لیے آپ کا تعاون درکار ہے۔

رابطے کے لیے

استعمال شدہ خطرناک آلات کے اسٹوریج یا تلف کرنے سے متعلق مطلع کرنے کے لیے اپنی قریبی مقامی بلدیات یا آرڈیننس دفتر سے رابطہ کریں۔

[اس کتابچے کے بارے میں معلومات کے لیے] وزارت ماحولیات ماحولیاتی ریسائیکلنگ / قدرتی وسائل فاضل اشیاء تلفی ڈیپارٹمنٹ ٹیلیفون نمبر: 03-3581-3351

تفصیلات کے لیے استعمال شدہ خطرناک آلات کے اسٹوریج وغیرہ سے متعلق گائیڈ لائن ملاحظہ فرمائیں۔
(http://www.env.go.jp/recycle/waste/laws/kaisei2017/index.html)